ماہنامہ ''اشراق''، ممبئ (انڈیا) کا آغاز

اللہ تعالیٰ کی توفیق اور خاص عنایت سے ماہنامہ ''اشراق''، ممبئ (انڈیا) کا آغاز ہو گیا ہے۔ اس کی اشاعت کا اہتمام ''المورد ہند'' نے کیا ہے۔ ادارت کی ذمہ داری معروف دینی اسکالر جناب محمد ذکوان ندوی صاحب نے سنبھالی ہے اور جناب اکبرالزماں، جناب شاداب ہاشمی، جناب محمد عظیم اصلاحی، جناب مشفق سلطان، جناب محمد اسجد اور جناب توفیق احمد خان نے انتظامی اور ادارتی معاونت کی خدمات پیش کی ہیں۔ یہ تمام احباب اس پرعزم کاوش پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔ ماہنامہ ''اشراق'' لاہور (پاکستان) کے تمام رفقا ان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ان کی کامیابی کے لیے دعا گو ہیں اور دعوت دین کی خدمت میں ان کے شانہ بہ شانہ کام کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ المورد کی تحریک کو اگر اللہ کی مدد اور توفیق اسی طرح حاصل رہی تو ان شاء اللہ:

اس دور میں سرمایۂ اربابِ نظر بھی
اب ہو گا فراہی کا دبستاں، کوئی دن اور

قارئین کے تعارف کے لیے ماہنامہ ''اشراق''، ممبئ کے ابتدائی شمارے کا اداریہ ''المورد ہند'' کے شکریے کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے۔

ـــــ سید منظور الحسن

ماہنامہ ''اشراق''، ممبئ (انڈیا) کے ابتدائی شمارے کا اداریہ

قارئین محترم!

الحمد للہ، المورد، ہند (ممبئ) کی جانب سے شائع ہونے والے ماہ نامہ ''اشراق'' کا پہلا شمارہ (نومبر ۲۰۱۷ء) شائع ہو چکا ہے۔ المورد ایک علمی، دعوتی اور تعلیمی ادارہ ہے۔ اِس کا مقصد اسلام میں ہرگز کسی نئے گروہ اور کسی نئے 'مذہبی تحرب' کا اضافہ کرنا نہیں۔ المورد کا اولین ہدف 'تفقه في الدين' کے عمل کو مطلوب نہج پر قائم کرنا ہے تا کہ امت کے درمیان

www.javedahmadghamidi.org
www.al-mawrid.org